سب سے افضل ذکر "لا الٰہ الا اللہ" اور سب سے افضل دعا "الحمد للہ" ہے

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا : "سب سے افضل ذکر "لا الٰہ الا اللہ" اور سب سے افضل دعا "الحمد للہ" ہے"
[حسن] [رواه الترمذي والنسائي في الكبرى وابن ماجه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم ہمیں بتا رہے ہیں کہ سب سے افضل ذکر "لا الٰہ الا اللہ" ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی برحق معبود نہیں ہے جب کہ سب سے افضل دعا "الحمد للہ" ہے، جو اس بات کا اعتراف ہے کہ اصل منعم اللہ سبحانہ و تعالی ہے، جو کامل و جمیل وصف کا مستحق ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3567